
# سبق 23 نرم واوْ ( ـَوْ )






اگر زبر کے بعد واوْ پر سکون ہو تو ایسے واوْ کو نرم واوْ کہتے ہیں، نرم واوْ کو صاف اور جلدی ادا کیجیے، جس طرح انگریزی کے الفاظ "Mouth" اور "South" میں کہا جاتا ہے۔




## نرم واوْ والی نظم 9


یہاں نرم واوْ کی مثال الف پر زبر (اَ) کے ساتھ دی گئی ہے، لیکن نرم واوْ کسی بھی حرف کے ساتھ آسکتا ہے۔









---

نرم واوْ کو اب ہم زبر والے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔



## مشق: نرم واوْ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَوْ | لَوْ | وَلَوْ | فَلَوْ |
| یا | اگر | اور اگر | پس اگر |
| فَوْق | خَوْف | سَوْف | وَيَوْم |
| لَوْلَا | وَلَوْلَا | فِرْعَوْنَ | قَوْمِهٖ |

عربی میں الف اور لام (اَلْ) انگریزی لفظ **the** کے طور پر استعمال ہوتا ہے، یہ اسم **(Noun)** سے پہلے لگایا جاتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْقَوْمُ | اَلْيَوْمَ | اَلْمَوْتُ | اَلْقَوْلُ |

اگر آخر میں سکون والے حرف کے بعد الف ہو تو اس الف کو نہیں پڑھا جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَرَوْا | خَلَوْا | لَبَغَوْا | وَعَصَوْا |

اگر الف کے بعد سکون آئے تو ایسا الف، الف مد نہیں ہے، لہٰذا اسے نہ پڑھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَالْيَوْمَ | وَالْيَوْمِ | وَالْغَوْا | وَالْمَوْعِظَةُ |